کتاب نما

رحمٰن کے سائے میں، حافظ محمد ادریس۔ مکتبہ احیاے دین، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۱۸۴۔ قیمت: ۴۰ روپے۔

۹۴ قرآنی دعاؤں کا یہ مجموعہ اس اعتبار سے منفرد ہے کہ مصنف نے ہر دعا کے ساتھ صرف اس کا ترجمہ ہی نہیں دیا، بلکہ معروف تفاسیر قرآن کی مدد سے اس کا پورا تاریخی پس منظر اور سیاق و سباق بھی بیان کر دیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دعا اللہ کے کس نیک بندے نے، کس موقع پر اور کن حالات میں مانگی تھی۔ قاری محسوس کرتا ہے کہ وہ خود اس ماحول میں موجود ہے اور ان حالات سے گزر رہا ہے جن میں ابتدا وہ دعا مانگی گئی تھی۔ بیش تر، یہ انبیاے کرام کی دعائیں ہیں اس لیے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ کے یہ برگزیدہ بندے آزمایشوں کی نہایت دشوار گزار گھاٹیوں سے گزرے اور انھیں آلام و مصائب کے ہفت خواں بھی طے کرنے پڑے۔ اعلاے کلمۃ الحق پھولوں کی سیج نہیں۔ اس راہ کے مسافروں کو ہر طرح کے صبر آزما حالات سے دوچار ہونے اور پھر ان سے عہدہ برآ ہونے کی تدابیر میں لگے رہنا چاہیے اور ان تدابیر میں سب سے اہم اور پہلی چیز دعا ہے۔ ایک مومن کے لیے آسودگی و اطمینان کا بڑا ذریعہ بھی دعا ہے۔

مجموعے کے ابتدا میں "فلسفہ و حکمت دعا" کے عنوان سے ایک سیر حاصل مقدمے میں دعا کی حقیقت، قبولیت، اہمیت، طریقہ دعا اور دعا کی شرائط پر بحث کی گئی ہے۔ تربیتی اعتبار سے یہ ایک مفید کتاب ہے۔ اگر یہ مستقل زیرِ مطالعہ رہے اور توجہ اور یکسوئی کے ساتھ روزانہ ایک دعا کا مطالعہ کر لیا جائے اور اسے ٹھہر ٹھہر کر اور سمجھ کر دو چار بار دہرایا جائے تو قاری اس کی تاثیر محسوس کرے گا، ان شاء اللہ۔ (رفیع الدین ہاشمی)

راہ نوردِ شوق، علامہ عنایت اللہ۔ ناشر: قرآن اکیڈمی، منڈی بہاء الدین (گجرات)۔ صفحات: ۳۲۵۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

زیرِ نظر کتاب سات ہفتے کی روداد سفر برطانیہ (بہ سلسلہ شرکت سیرت کانفرنس ۱۹۹۴ بہ اہتمام یو کے اسلامک مشن) کے طور پر پیش کی گئی ہے۔ علامہ عنایت اللہ صاحب اس سے پہلے بھی برطانیہ اور یورپ کا دورہ کر چکے تھے (۱۹۷۶، ۱۹۸۴) ۱۰ سال بعد جانا ہوا تو انھوں نے محسوس کیا کہ "بدلا ہوا زمانہ تھا"۔ دیباچے